
# امراضِ نسواں کا علاج

پاک وہند کے جیّد اطباءِ کرام کے

# مجرب نسخہ جات



## برائے ترقی وترویج طب

## کنزالمجربات گروپ

گروپ ایڈمنز:

محترم حکیم واجداللہ خان صاحب

محترم حکیم وڈاکٹر رضوان شاہ صاحب

ترتیب وتدوین:


حکیم شکیل احمد شاہ ہاشمی


باتعاون:

حکیم وڈاکٹر تنویر حسین شاہ صاحب

# کنزالمجربات گروپ

گروپ ایڈمنز:

محترم حکیم واجداللہ خان صاحب

محترم حکیم وڈاکٹر رضوان شاہ صاحب

## عنوان

# امراضِ نسواں:

ان امراض خبیثیہ کے چنگل سے مخلوق خدا کو چھڑوانا ہے۔

اب کوئی آپریشن نہ کرائے۔ کرشمات طب کا نظارہ کریں۔

ترتیب وتدوین:

حکیم شکیل احمد شاہ ہاشمی

باتعاون:

محترم حکیم وڈاکٹر تنویر حسین شاہ صاحب

بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین


امراضِ نسواں کا علاج: ........ 1
حکیم محمد رمضان ........ 1
سیلان الرحم اور زنانہ اعضاء میں سختی کیلئے: ........ 1
لیکوریا، کمر اور پنڈلیوں کے درد کیلئے: ........ 1
زنانہ بانجھ پن کیلئے: ........ 1
لیکوریا، کیلشیم کی کمی کیلئے: ........ 1
حکیم چوہدری طارق حسین ........ 2
نسخہ اٹھرا: ........ 2
بندش حیض: ........ 2
سیلان رحم: ........ 2
برائے پیپ در سیلان الرحم: ........ 2
سفوف سرخ برائے خارش شرمگاہ: ........ 2
برائے کثرت حیض و جریان خون ہر قسم: ........ 2
برائے کثرت حیض: ........ 2
اسقاط حمل: ........ 2
شافہ: ........ 3
اٹھراء اور اسکا علاج ........ 3
کثرت حیض: ........ 4
درد کے ساتھ پریڈ کا آنا اور بندش حیض کیلئے: ........ 4
امراض رحم ........ 4
حکیم شکیل احمد شاہ ہاشمی ........ 5
لیکوریا، اٹھرا ........ 5
فائبرائڈز، پانی کی تھیلیاں ........ 5
رحم یا بیضہ دانی کا کینسر ........ 5
المعالج محمد آصف ........ 5
برائے خارش رحم ........ 5
حکیم واجد اللہ خان صاحب چشتی ........ 6
درد حیض کیلئے ........ 6
حیض کھولنے کیلئے ........ 6

رحم کی رسولی کیلئے: ............ 6
برائے بے قاعدگی حیض ............ 6
کثرتِ حیض کیلئے: ............ 6
اندام نہانی کی خارش ............ 6
سفوفِ سیلان الرحم ............ 6
شرمگاہ کی خارش ............ 7
مرہم فرج کی خارش کیلئے: ............ 7
سفوفِ خونصافی ............ 7
ڈاکٹر سید تنویر حسین شاہ ............ 7
کپاس کھار: ............ 7
عسر الطمث کیلئے لاجواب مجرب نسخہ ............ 7
برائے لیکوریا ہمارا خاندانی نسخہ: ............ 8
مقوی رحم و کمر مجرب المجرب ............ 8
انفاس کیلئے ............ 9
پٹھکنڈا یا چرچٹہ کھار ............ 9
برائے لیکوریا ............ 9
حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا ............ 9
حیض کی جملہ خرابیوں کیلئے ............ 9
حکیم ناصر ............ 10
جریانِ خون ہر قسم ............ 10
حکیم محمد ندیم ............ 10
معین حمل اور لیکوریا کیلئے: ............ 10
حکیم آصف رضا ............ 10
برائے عسر طمث: ............ 10
اکسیر لترین برائے کثرت طمث: ............ 10
حکیم و ڈاکٹر طاہر محمد شبیر ............ 10
برائے کثرت حیض ............ 10
حکیم ضرار احمد ............ 10
حکیم مسعود احمد اعوان ............ 11
رحم کی جملہ خرابیوں کیلئے ............ 11
کثرت حیض کیلئے ............ 11

حکیم جمشید........................................................ 11
جگر پارہ:........................................................ 11
حکیم عامر حسن باجوہ........................................................ 11
ورم رحم، معدہ کی کمزوری، درد ایام، بے قاعدگی ایام، دائمی قبض، درد ناف، پیٹ درد کیلئے:........................................................ 11
ڈاکٹر جنید ہاشمی........................................................ 11
اندام نہانی کی خارش........................................................ 11
حکیم ہاشم علی قادری........................................................ 12
نسخہ مدر حیض........................................................ 12
ہر قسم کے جریان خون کیلئے:........................................................ 12
حکیم شفیق........................................................ 12
استحاضہ کیلئے........................................................ 12
حکیم امیر خان آفریدی........................................................ 12
کثرت حیض کیلئے:........................................................ 12
حکیم غلام مصطفی نظامی........................................................ 13
وَرمِ رحم اور خارش کیلئے........................................................ 13
خارش کیلئے مجرب ترین نسخہ........................................................ 13
حکیم محمد وکیل انڈیا........................................................ 13
کثرت حیض........................................................ 13
حکیم نیئر........................................................ 13
گل سپاری........................................................ 13
حکیم محمد اسحاق........................................................ 13
کثرت حیض:........................................................ 13
حکیم محمد اسحاق سندھ........................................................ 13
شربت خارش رحم و جلن رحم........................................................ 13
حکیم جمیل احمد پیر سباقی........................................................ 14
حابس لاجواب........................................................ 14
حکیم طارق حسین چوہدری........................................................ 14
سر کی جوئیں:........................................................ 14
ہر قسم کی خارش کیلئے........................................................ 14

عورتوں کی شرم گاہ اور رحم کی اندرونی خارش: .......... 14
حکیم آزاد بھٹو .......... 15
جوؤں کا خاتمہ .......... 15
سیٹ خارش .......... 15
حکیم رمضان انجم .......... 15
امراضِ رحم کیلئے .......... 15
رحم کی خارش کیلئے .......... 15
رحم کے امراض کیلئے گندھک مدبر کا طریقہ .......... 15
رحم کی خارش کیلئے .......... 15
دافع تیزابیت رحم .......... 15
حکیم عبدالرحمان .......... 15
سر کی جوؤں کیلئے .......... 15
حکیم حافظ علی احمد .......... 16
برائے خارش رحم .......... 16
اندام نہانی کی خارش کیلئے .......... 16
حکیم امیر خان آفریدی .......... 16
رحم کی خارش کیلئے .......... 16
حکیم مسعود اعوان .......... 16
سر کی جوؤں کا خاتمہ .......... 16
حکیم زاہد مشتاق .......... 16
سر کی جوئیں .......... 16
حکیم غفار قادری .......... 17
مرہم دافع خارش: .......... 17
سفوف چندری: .......... 17
تریاق ورمِ رحم .......... 17
جوؤں کا علاج .......... 17
ڈاکٹر سید رضوان شاہ .......... 17
سر کی جوؤں کیلئے .......... 17
حکیم رضوان شیخ .......... 18
مہبل کی خارش .......... 18
مہبل کی خارش .......... 18

حکیم محمد مزمل صدیقی.................................................................18
خارش کیلئے...................................................................18
جوؤں کا مسئلہ...................................................................18
حکیم نامعلوم.................................................................18
سر کی جوؤں کیلئے...................................................................18
حکیم محمد شفیق صاحب.................................................................19
سیلان الرحم کا نسخہ:...................................................................19
حکیم محمد شفیق.................................................................19
برائے خارش رحم...................................................................19
حکیم شاہد محمود جہانیاں منڈی.................................................................19
نسخہ برائے جریان، احتلام:...................................................................19
حکیم پروفیسر دوست محمد.................................................................19
خارش رحم...................................................................19
حکیم میاں عتیق.................................................................19
سر میں جوؤں کیلئے...................................................................19
حکیم سلطان الفت محمود.................................................................19
نسخہ برائے لیکوریہ:...................................................................19
نسخہ برائے کثرت حیض:...................................................................19
حکیم نامعلوم.................................................................20
سیلان الرحم، اعضاء کی نرم، ی ڈھیلے پن، رحم کی تقویت کیلئے:...................................................................20
حکیم عبدالرحمان بٹ.................................................................20
نسخہ برائے کثرت حیض:...................................................................20
حکیم ذیشان الحق.................................................................20
نسخہ برائے کثرت حیض:...................................................................20
حکیم فریاد قاسمی.................................................................20
نسخہ برائے کثرت حیض:...................................................................20
حکیم قیصر محمود.................................................................20
کثرت حیض کیلئے:...................................................................20

# امراضِ نسواں کا علاج

## امراضِ نسواں کا علاج:

کثرت حیض، بندش حیض، عسر الطمث، لیکوریا، خارش مہبل، ورمِ رحم، وغیرہ۔

## حکیم محمد رمضان

**سیلان الرحم اور زنانہ اعضاء میں سختی کیلئے:** آملہ ڈھائی تولہ، اسگند ڈھائی تولہ، مازو پانچ تولہ، پھٹکری بریاں ڈیڑھ تولہ، کشتہ بیضہ مرغ ڈیڑھ تولہ، کشتہ مرجان ڈیڑھ تولہ، کوزہ مصری ہموزن ادویہ۔ دو سے تین گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔ یہ نسخہ سیلان رحم کے علاوہ زنانہ اعضاء میں سختی پیدا کرتا ہے، یعنی جو زنانہ اعضاء ڈھیلے پڑ جاتے ہیں ان میں دوبارہ سختی پیدا کر کے اپنی جگہ پر لاتا ہے۔ اس میں صرف قبض کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔

**لیکوریا، کمر اور پنڈلیوں کے درد کیلئے:** کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ صدف، کشتہ حلزون، زنجبیل ہر ایک ۱۰ گرام، کمر کس، گوند کیکر، مائیں (ہر ایک ۵۰ گرام)۔ ادویات کو باریک کر کے کشتہ جات ملائیں۔ ؟؟؟استعمال ؟؟؟۔ لیکوریا کیلئے، پنڈلیوں کا شدید درد چاہے شوگر کی وجہ سے چاہے کسی وجہ سے ہو، ہڈیوں کا درد، جن میں عورتیں کہتی ہیں کہ میری ہڈیاں ٹوٹ رہی ہیں۔ اس کے علاوہ کمر درد کیلئے بہت ہی مفید ہے۔

**زنانہ بانجھ پن کیلئے:** برادہ دندان فیل ۵۰ گرام، گل سپاری ۳۰ گرام، لود پٹھانی ۳۰ گرام، طباشیر ۱۰ گرام، جڑ مرجان ۵ گرام، کوزہ مصری ۳۰ گرام۔ بانجھ پن کیلئے دو تا تین گرام روزانہ تین ٹائم دو ہفتے تک ہمراہ دودھ دیں۔ پہلے حیض درست کر لیں بعد میں جلاب دے کر پیٹ کی صفائی کریں، اور پھر یہ نسخہ استعمال کروائیں۔ ایک تا تین ماہ کورس کریں۔ اللہ نے چاہا تو ۹۰ فیصد عورتوں کو پہلے ماہ ہی امید ہو جاتی ہے، بشر طیکہ خاوند کے سپرم ٹھیک ہوں۔

**لیکوریا، کیلشیم کی کمی کیلئے:** پھٹکری ۵۰ گرام میں ؟؟؟؟؟ کتنے ؟؟؟؟؟ دیسی انڈوں کی سفیدیاں ملالیں (زردی نہیں لینی)۔ پھر اس کو خشک کر ل کے باریک پیس کر رکھ لیں۔ ۲۵۰ سے ۵۰۰ ملی گرام تک، صبح و شام دیں۔ لیکوریا ہو، خون زیادہ آ رہا ہو، کیلشئم کی کمی، مردوں میں جریان کیلئے، پیچش، دست وغیرہ روکنے کیلئے، اسی طرح موقع کی مناسبت سے بہت سے امراض میں استعمال کر سکتے ہیں۔ نہایت ہی آسان اور بہت زبردست نسخہ ہے۔ لیکوریا کو چند دنوں میں ختم کر دیتا ہے۔

# حکیم چوہدری طارق حسین

**نسخہ اٹھرا:** زہر مہرہ خطائی سرمہ کی طرح رگڑائی کریں اور 40 مرتبہ کپڑ چھان کر کے حسب ضرورت شہد شامل کریں۔ گاڑھی رکھنی ہیں۔ایک رتی صبح خالی پیٹ ہمراہ پانی یا دودھ 40 دن لگاتار دیں۔اٹھرا کا مسئلہ، جسم میں زہریلے اجزاء نہیں رہیں گے۔ اگر ایک سال بعد بھی حمل لیتے ہیں تو اٹھرا کے اثرات نہیں ہونگے۔

**بندش حیض:** پنکی لیکر سفوف مثل غبار بنالیں۔ایک چاول ایک دن کیپسول میں ڈال کر دیں۔ حیض اگر نہیں کھلتا تو 5 خوراک 5 دن تک دے سکتے ہیں۔ پرانے سے پرانا حیض کھل جائے گا۔ اگر الٹی ہو تو گھبرانا نہیں۔

**سیلان رحم:** مازو 5 تولہ۔ مائیں 5 تولہ۔ نیسپال 5 تولہ۔ گل دھاوا 5 تولہ۔ سنگ جراح 5 تولہ۔ رال سفید 3 تولہ۔ شب یمانی سفید بریاں 5 تولہ تمام اجزاء کا سفوف بنا کر مکس کریں۔ایک ماشہ صبح و شام پانی و شربت انجبار سے دیں۔ایک ہفتہ میں لیکوریا بند ہو جائے گا۔

نوٹ۔ اگر قبض ہو تو کوئی بھی ملین دیں یا چھلکا اسپغول ½ چمچ نیم گرم دودھ کیساتھ دیں۔

**برائے پیپ در سیلان الرحم:** شب یمانی 10 تولہ، سندور 5 تولہ۔ شب یمانی کو (بریاں کئے بغیر) باریک کر کے سندور میں مکس کر لیں۔ اتنی بڑی کوزہ گلی لیں جس میں ایک حصہ دوائی آجائے اور دو حصے خالی رہے اس میں ان ادویہ کو گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سکہ سندور میں کشتہ ہو جائے گا۔ دوائی نکال کر باریک کر لیں۔ دو رتی صبح و شام ہمراہ شربت انجبار خالی پیٹ دیں۔

**سفوف سرخ برائے خارش شرمگاہ:** گندھک آملہ سار 5 تولہ، زیری سیاہ 5 تولہ، گیرو 5 تولہ۔ تمام ادویات اچھی طرح رگڑ کر باریک سفوف کر لیں۔ صبح تین ماشہ دہی کے ساتھ اور شام شربت عناب کے ساتھ دیں۔ تقریباً ایک ہفتہ دینے سے خارش ختم ہو جائے گی۔

**برائے کثرت حیض و جریان خون ہر قسم:** چھڑا سوختہ 5 تولہ، کائی 5 تولہ۔ چھڑے کو خشک کر کے جلالیں پھر دونوں ادویہ کو باریک کر کے مکس کر لیں۔ایک ماشہ صبح و شام شربت صندل کے ساتھ دیں۔

**برائے کثرت حیض:** شب یمانی سفید بریاں 5 تولہ، بوری کی راکھ 5 تولہ۔ بازار سے نئی (سیمے والی) بوری لے کر جلالیں اور شب یمانی کو بھی بریاں کر لیں۔ دونوں برابر وزن مکس کر لیں۔ آدھا ماشہ صبح و شام شربت انجبار کے ساتھ خالی پیٹ دیں۔

**اسقاط حمل:** اسقاط... طبعی وقت سے پہلے جنین یعنی بچے کا رحم سے خارج ہو جانا یعنی ضائع ہو جانا اسقاط کہلاتا ہے۔ اکثر ابتدائی تین ماہ اور آخری تین ماہ میں ہوتا ہے۔ کثرت جماع، جسمانی کمزوری، کسی چوٹ سے خون کا زیادہ ضائع ہو جانا، متواتر فاقہ کشی، کثرت غم، اسہال، ہیضہ، پیچش کی زیادتی، رحم کا کمزور ہونا، رحم کا سخت ہونا، آتشک و سوزاک، سیلان رحم، رحم کی ساخت میں چربی کی زیادتی وغیرہ بڑے اسباب ہیں۔ اسقاط سے پہلے حاملہ کی طبیعت سُست ہوتی ہے۔ اعضاء شکنی ہوتی ہے۔ پشت خاصر اور پیڑو میں گرانی محسوس ہوتی ہے۔ اس کے بعد درد شروع ہوتا ہے۔ رحم سے سیلان خون شروع ہو جاتا ہے۔ پستان کی سختی زائل ہو جاتی ہے اور اس کا حجم گھٹ جاتا ہے۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آتا ہے۔ اسقاط کی علامات شروع ہو جائیں تو اسے روکنے کیلئے یہ نسخہ دیں: گیرو، سنگجراحت اور دَم الاخوین ہر ایک ایک

ماشہ باریک پیس کر مربہ آملہ ایک تولہ ملا کر پہلے کھلائیں اس کے بعد درجِ ذیل سفوف بنا کر تین تین گھنٹے بعد ایک ایک ماشہ دو دن گائے کے دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ سنگجراحت نو ماشہ، طباشیر دو ماشہ، دانہ الائچی خورد تین ماشہ، شکر سفید دس ماشہ۔ سب کا سفوف بنائیں۔

**شافہ:** مازو، گلنار، کزمازج، اقاقیا، پوست انار، ہر ایک دو ماشہ پانی میں پیس کر چھان لیں اور کپڑا بھگو کر بار بار رکھیں۔ گل ملتانی کو پانی میں حل کر کے مقام مذکورہ پر ضماد کریں۔

جس کے بچے پیٹ میں ضائع ہوتے ہیں اس کو حمل لینے سے پہلے یہ تدابیر کرنا چاہئیں: ۱.. خون کی کمی کی صورت میں حمل نہ لیں۔ ۲.. پریشانی نہ لے غم اور غصہ نہ کرے۔ ۳.. زیادہ دیر پیٹ کو کھانے سے خالی نہ رکھے۔ ۴.. کثرت جماع نہ کرے۔ ۵.. وزنی کام نہ کرے۔ حمل ہونے کے بعد یہ نسخہ استعمال کریں۔ یہ نسخہ حمل ہوتے ہی شروع کر دیں۔ اجوائن دیسی پانچ تولہ، کالی مرچ پانچ تولہ۔ دونوں کو سفوف کر لیں۔ دو رتی صبح خالی پیٹ پانی سے استعمال کریں۔ حمل کے دوران تلی ہوئی اشیاء، زیادہ گرم مزاج اشیاء اور فاسٹ فوڈ استعمال نہ کریں۔ پھل اور دودھ کا استعمال زیادہ کریں۔

نوٹ: اگر سوزاکی مادہ کی وجہ سے حمل ضائع ہوتا ہے تو حمل سے پہلے میاں بیوی کسی مستند طبیب سے اپنا علاج کروائیں۔

**اٹھراء اور اسکا علاج:** اٹھرا وہ بیماری ہے جس میں بچہ پیدا ہونے کے کچھ منٹ بعد کچھ گھنٹوں بعد یا کچھ ہفتوں بعد مر جاتا ہے۔ بچے کا مرنے سے پہلے رنگ تبدیل ہو جائے گا۔ بچہ نیلے یا کالے رنگ کا ہو جائے گا۔ بچے کے ناخن سبز یا نیلے رنگ میں تبدیل ہو جائیں گے۔ اٹھرا والا بچہ پیٹ میں ضائع نہیں ہوتا بلکہ اپنی پوری مدت پر پیدا ہوتا ہے اور پیدا ہونے کے بعد فوت ہوتا ہے۔ جن عورتوں کے بچے ایک ماہ دو ماہ پانچ ماہ یا سات ماہ بعد ضائع ہو جائیں ان کو اٹھرا نہیں بلکہ اسقاط حمل کا مسئلہ ہوتا ہے جس کی کئی وجوہات ہیں۔ اٹھرا کیا چیز ہے نہ تو یہ سائے کا مسئلہ ہے، نہ ہی جادو، کچھ پیر یا تعویز کرنے والے ایسا کہتے ہیں، ایسا کچھ نہیں بلکہ یہ ایک خونی بیماری ہے۔ ماں کے خون اور جسم میں زہریلے مادے اور فاسد اجزاء کی زیادتی ہے جو بچے کو ماں کے پیٹ میں خوراک کے ذریعے منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ جب بچہ پیدائش کے بعد بیرونی ماحول میں آتا ہے تو اس میں اتنی طاقت نہیں ہوتی کہ وہ ان کے خلاف لڑ سکے۔ اس طرح بچہ کے وجود میں فاسد اجزاء کے بڑھ جانے سے موت واقع ہوتی ہے۔ ایک اور بھی وجہ ہے ماں کے دودھ کا کڑوا پن جو انہی زہریلے اجزاء کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس دودھ کو پینے سے بھی بچہ مر جاتا ہے ان زہریلے اجزاء کو ماں کے جسم سے خارج کرنے کیلئے یہ ادویات دیں۔ سو فیصد کامیاب اٹھرا کے مسئلہ کا حل ہے۔ زہر مہرہ خطائی پانچ تولہ یا حسب ضرورت لے کم از کم چار گھنٹے رگڑائی کر کے سفوف بنا کر کپڑ چھان کر لیں۔ جو موٹی دوائی بچے اسے پھینک دیں یا الگ رکھ لیں۔ اسی طرح چالیس بار کپڑ چھان کریں۔ اس کے بعد جو دوائی بچے اس میں حسب ضرورت شہد ڈال کر معجون بنا لیں۔ بس تیار ہے۔ ایک رتی صبح خالی پیٹ پانی سے دیں۔ چالیس دن استعمال کرنے سے اٹھرا کا مسئلہ نہیں رہے گا۔

نوٹ: ماں کے دودھ کو چیک کرنے کا سنیاسی فارمولا یہ ہے کہ عورت کا دودھ کیڑوں کی بل کے اوپر ڈال دیں۔ کیڑے اسے پینا شروع کر دیں گے۔ ایک گھنٹہ بعد آ کر دیکھیں اگر کیڑے زندہ ہوں تو دودھ ٹھیک ہے، اگر کیڑے مر جائیں تو دودھ کڑوا اور زہریلا ہے۔

**کثرت حیض:** گیرو پانچ تولہ، سنگ بصری پانچ تولہ، پھٹکڑی سفید بریاں پانچ تولہ، رال سفید تین تولہ، صدف پانچ تولہ۔ سفوف کر کے ایک ماشہ صبح و شام خالی پیٹ پانی یا شربت انجبار دو چمچ کے ساتھ استعمال کریں۔ مینسز جو کسی بھی دوائی سے نہ رکتے ہوں، کو بند کر دیتا ہے۔

**درد کے ساتھ پریڈ کا آنا اور بندش حیض کیلئے:** ابہل، اسارون، رائی، بالچھڑ۔ تمام اشیاء کو ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔ آدھا چمچ صبح و شام عرق سونف اور عرق گاؤزبان پانچ، پانچ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ پریڈ کھل کر آئیں گے اور درد نہیں ہو گا۔

**کثرت حیض:** کثرت حیض کی تین صورتیں ہیں۔ ا۔ خون کی مقدار معمول سے زیادہ ہو جانا۔ ۲۔ خون زیادہ عرصہ تک جاری رہے۔ ۳۔ ایک ماہ میں کئی بار خون آنا۔ اس کے اسباب یہ ہیں:

**امتلاء دم:** تمام بدن خون سے پر ہوتا ہے اور طبیعت خون کو دفع کرتی ہے۔

**رقت وحدت خون:** کثرت حیض کی دوسری وجہ رقت وحدت خون ہے۔

**ماہیت واخلاط ثلاثہ:** گاہے کثرت حیض اس وجہ سے ہو جاتا ہے کہ خون میں ماہیت کا غلبہ ہو جاتا ہے جن سے وہ قوت ڈھیلی اور کمزور ہو جاتی ہے جو رگوں کے منہ کو بند رکھتی ہے اور جن سے خون کا قوام رقیق ہو جاتا ہے۔

**امراض رحم:** گاہے اس کی وجہ ورم رحم. بواسیر رحم. قروح رحم یا میلان رحم ہوتے ہیں۔

**بعد ولادت:** گاہے کثرت حیض بچہ پیدا ہونے کے بعد ہوتی ہے. مریضہ کمزور ہو جاتی ہے خون کبھی قطرہ قطرہ آتا ہے اور کبھی ایک ہی مرتبہ بہت سارا خارج ہو جاتا ہے۔ شدت ضعف کی وجہ سے غشی طاری ہو جاتی ہے۔ اسی طرح کثرت جماع اور کثرت غم و غصہ بھی اس کے اسباب ہو سکتے ہیں۔

**تشخیصی علامات:** امتلاء دم میں چہرہ اور تمام بدن خون سے بھرا ہوتا ہے۔ تمام بدن کی رگیں ابھری ہوئی ہوتی ہیں۔ باوجود کثرت حیض کے بدن ویسے ہی قوی رہتا ہے۔ کمزور نہیں ہوتا اور رنگت میں بھی ویسی ہی سرخی اور تازگی رہتی ہے۔ رقت وحدت میں خون میں بدن ضعیف ہوتا ہے اور اس کی رنگت زردی مائل ہو جاتی ہے۔ حیض کی راہ جو خون خارج ہوتا ہے وہ جلتا ہوا اور رقیق ہوتا ہے۔ نیز وہ جلد خارج ہوتا ہے اور اس کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ ماہیت واخلاط ثلاثہ میں اخلاط کی علامت یہ ہے کہ رات کے وقت عورت صاف روئی لے کر اندام نہانی میں رکھے اور پھر صبح اس روئی کو سایہ میں خشک کر کے دیکھیں۔ اس روئی میں خلط غالب کا رنگ نظر آئے گا۔ چنانچہ اگر رنگ سیاہ سبز یا نیلا ہو تو خلط سوداوی ہے۔ اگر رنگ زرد ہو تو غلبہ صفراء ہے اور بلغم کے غلبہ کے وقت سارے رنگ پھیکے ہوتے ہیں اور ہلکے ہوتے ہیں۔

**امراض رحم:** بواسیر رحم کی صورت میں بھی خون آتا ہے مگر اس کے دورے حیض کے دوروں سے مختلف ہوتے ہیں۔ قروع کی صورت میں خون کے ساتھ پیپ آتی ہے۔ بدبو، سوزش اور درد ہوتا ہے۔

افادات: دورہ مرض کے وقت مریضہ کو چلنے پھرنے اور سے روکیں اور آرام سے چت لٹائے رکھیں۔ پلنگ کی پائنتی کو سرہانے سے اونچا رکھیں تاکہ رحم کی طرف دوران خون کم ہو جائے۔ ناف پر ٹھنڈے پانی میں پھٹکڑی حل کر کے اس میں کپڑا تر کر کے بار بار رکھیں۔

علاج:

امتلاء دم: اگر خون کی زیادتی ہو تو فصد کھولیں۔ کہربا کھلائیں۔ حیض کو روکنے والی بتیاں اندام نہانی میں رکھیں جو سرمہ گلنار پھٹکڑی اور سہاگہ مازو سے تیار کی گئی ہوں۔

رقت وحدت خون: فصد کھولیں، قرصوں اور شیاف کے ذرائع بند کریں، قابض شربت استعمال کریں۔ ٹھنڈے مشروب استعمال کریں۔

اخلاط ثلاثہ: خلط غالب کو خارج کریں اور خون بند کریں۔ شیاف اور بتیاں استعمال کریں اور قابض دیں۔

امراض رحم: اصلی امراض کا تدارک کیا جائے۔

بعد الولادت: وہی علاج کریں جو پہلی قسم میں لکھا گیا ہے فصد نہ کھولیں۔

معمولات مطب:

ضماد: گل ملتانی کو پانی میں حل کر کے ناف کے نیچے ضماد کریں۔ پھٹکڑی، سہاگہ، سرمہ سیاہ، گیرو اور سنگجرات کا ضماد کریں۔

شافہ: مازو، مائیں، نسپال، پھٹکڑی اور گیرو کا سفوف کر کے ایک ماشہ کا شافہ بنا کر رحم میں رکھوائیں۔ رات کو رکھوائیں صبح نکال لیں۔

سفوف قابض: گیرو، پھٹکڑی، سنگجراہت اور سنگ بصری ہم وزن سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام شربت انار یا شربت انجبار سے دیں۔

نوٹ: جب خون بند ہو جائے تو اصل سبب معلوم کر کے اس کو رفع کرنے کی کوشش کی جائے۔ مریضہ کو ہلکی غذا دیں۔

## حکیم شکیل احمد شاہ ہاشمی

**لیکوریا، اٹھرا:** آدھی چھوٹی چمچ دھماسہ (پتوں، پھولوں سمیت) سفوف کا ہلکی آنچ پر قہوہ بنا کر نارمل ٹمپریچر پر صبح و شام خالی پیٹ حمل ہونے تک پلائیں۔ اٹھرا کیلئے ساتھ حمل سے پہلے اور دورانِ حمل بھی حاملہ کو دھماسہ کا ہزار ملی گرام کا ایک کیپسول صبح و شام استعمال کرائیں۔

**فائبرائیڈز، پانی کی تھیلیاں:** آدھی چھوٹی چمچ دھماسہ (پتوں، پھولوں سمیت) سفوف اور ایک چوتھائی چمچ سنبلو بوٹی کی جڑ کے چھلکے (دار ہلد) کا سفوف کا ہلکی آنچ پر قہوہ بنا کر نارمل درجہءِ حرارت پر لا کر صبح و شام خالی پیٹ پلائیں۔

**رحم یا بیضہ دانی کا کینسر:** آدھی چھوٹی چمچ دھماسہ (پتوں، پھولوں سمیت) سفوف کا ہلکی آنچ پر قہوہ بنا کر نارمل درجہءِ حرارت پر لا کر صبح و شام خالی پیٹ پلائیں اور ساتھ دو حصے دھماسہ سفوف اور ایک حصہ سنبلو (دار ہلد) کا سفوف اور ایک حصہ بیکنگ سوڈا ملا کر ہزار ملی گرام کا کیپسول بھر کر صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد تازہ پانی یا نیم گرم دودھ سے دیں۔

## المعالج محمد آصف

**برائے خارش رحم:** گیرو، سنگجراح، کہرباء شمعی۔ ہموزن سفوف بنا کر ڈبل زیرو کیپسول تین ٹائم ہمراہ شربت انجبار دیں۔

# حکیم واجد اللہ خان صاحب چشتی

**درد حیض کیلئے:** ریوند خطائی دس تولہ، افسنتین ڈھائی تولہ، نوشادر ڈھائی تولہ، قلمی شورہ ڈائی تولہ۔ کڑوا بنتا ہے۔ جن کو حیض درد سے آتا ہے انہیں دو ماشہ تین ٹائم نیم گرم پانی سے دیں اور جن کو ورم رحم کی وجہ سے حمل نہیں ہوتا، ان کو گرم دودھ سے دے دیں۔ الحمد للہ، سو کے لگ بھگ عورتوں کو استعمال کروایا، سب کو پریگنینسی ہو گئی۔ یہ جگر کی اصلاح کرتا ہے۔ سوزش رحم اڑا کے رکھ دیتا ہے۔

**حیض کھولنے کیلئے:** چھتہ بھڑ، بنا بچوں کے، کوٹ کر سفوف بنا کر شہد کی مدد سے گولیاں بنائیں۔ گڑ بھی ڈالیں۔ ایک ہریڑ گلاس پانی میں بھگو کر رکھیں صبح ایک گولی اس پانی کے ساتھ دیں۔ حیض آنے سے ایک دن پہلے کھلائیں۔ بفضلِ خدا پہلی خوراک سے حیض کھل جائے گا۔

**رحم کی رسولی کیلئے:** میٹھا سوڈا بیس تولہ، کڑوا سوڈا اک تولہ، کپڑے دھونے والا، دو رتی صبح و دوپہر شام، امر بیل ڈیڑھ پاؤ پانی کا شربت بنائیں۔ اور تین ٹائم دیں سفوف کے ساتھ، رسولی رحم کو اس طرح سے پاک کریگا جیسے کپڑا پاک ہوتا ہے۔

حمل کے بعد نفاس کی صفائی کے لیے استاد واجد خان صاحب کا مجرب ترین: خروج نفاس کے لیے مسر کی دال دیسی گھی میں پلائیں تین دن تک۔ فوائد نفاس کامل خروج کرے، ہڈیوں کو اپنی جگہ پہ لائے۔ ڈلیوری کے بعد یہ پلانے سے بہت بہترین رزلٹ ملتے ہیں۔

**برائے بے قاعدگی حیض:** صرف سنگ پشت کو بیس پچیس سیر اوپلوں کے درمیان رکھ دیں۔ جب راکھ سرد ہو جائے تو آرام سے اٹھا کر باریک پیس لیں۔ صبح خالی پیٹ دو رتی کی مقدار میں یہ کشتہ مربہ آملہ میں سے گٹھلی نکال کر رکھیں اور مریضہ کو کھلا دیں۔ اوپر سے دودھ نیم گرم ایک گلاس پلا دیں۔ یہ اس وقت پلانا ہے، جب حیض آئے ہوئے ہوں۔ پانچ سات دن کھلا دیں۔ ماہواری بے ترتیب ہو یا وقت سے پہلے آرہی ہو، تو ماہواری اپنے وقت پر آئے گی۔ ان شاءاللہ تمام دوستوں کی خدمت میں تحفہ ہے۔

**کثرتِ حیض کیلئے:** ملتانی مٹی پچاس گرام 1 لٹر پانی میں بھگو دیں اور اچھی طرح حل کر دیں۔ مٹی نیچے بیٹھ جائے گی۔ اوپر سے صاف پانی نتھار لیں۔ کوئی رنگ ڈالنا ہو تو ڈال لیں۔ پچاس گرام ملتانی مٹی والا پانی ایک چمچ سفوف ملٹھی کپڑ چھان کے ساتھ صبح، دوپہر، شام دیں۔ نالے کی طرح بہتا ہوا خون پہلے ہی دن رک جائے گا۔ ڈاکٹر جن کیلئے تجویز کرتے ہیں کہ رحم نکالنا پڑے گا، وہ بھی ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ ایک عورت جس کا اس قدر خون نکل چکا تھا کہ آکسیجن لگ گئی تھی، اس کو یہ استعمال کرایا گیا تو وہ آپریشن سے بچ گئی۔ جو مٹی بچی ہوئی ہے وہ چہرے پہ لگانے کیلئے استعمال کر لیں چہرہ نکھر جائے گا۔

**اندام نہانی کی خارش:** جن خواتین کو سوزش رحم کی وجہ سے اندام نہائی میں خارش ہوتی ہو۔ ان کو یہ دوا استعمال کروائیں: ہریڑ سبز کا چھلکا، سہاگہ سفید خام برابر وزن پیس کر ملا لیں۔ ایک گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق مکو دیں۔ رحم کی سوزش کی وجہ سے اندام نہانی کی خارش کا بہترین علاج ہے۔ اس کے علاوہ رحم سے بدبو آتی ہو یا بانجھ پن کا شکار ہوں، ان کا بانجھ پن بھی اس دوا سے دور ہو جائے۔ انشااللہ!

**سفوفِ سیلان الرحم:** سنگ جراح، صدف، ہڑتال گاؤدنتی، سمندر جھاگ (ہر ایک پانچ تولہ)، سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں اور کوزہ میں گل حکمت کر کے 25 کلو اُپلوں کی آگ دیں اور پھر اسمیں پانچ تولہ گیدڑ پیری خشک کی ہوئی ملائیں اور خوب کھرل کریں۔ حیض سے فارغ

ہو کر صبح خالی پیٹ ایک ماشہ گرمیوں میں کچی لسی کیساتھ اور سردیوں میں نیم گرم دودھ کیساتھ صرف سات خوراک استعمال کریں۔اس کے ساتھ ساتھ کتھ کو ایک نخود برابر پوٹلی میں بند کر کے رات کو شرمگاہ میں رکھیں اور صبح زاجِ ابیض بقدرِ نخود پوٹلی شرمگاہ میں دو گھنٹے تک رکھیں۔ سیلان الرحم کی وجہ سے پیدا ہونے والی خارش، سوزاکی مادے اور فرج کی خارش دور کرتی ہے۔ عورت کو مثلِ باکرہ بناتی ہے اور حاملہ بھی ہو جاتی ہے۔نوٹ: سات خوراک سے زیادہ نہ کھلائیں۔

**شرمگاہ کی خارش:** مازو 1 تولہ، اجوائن 1 تولہ، کچور 1 تولہ، کالی مرچ 1 تولہ، چاکسو 1 تولہ پیس کر سفوف بنالیں۔ آدھا چھوٹا چمچ صبح و شام خالی پیٹ دودھ سے دیں۔ بعض دفعہ شرمگاہ کی خارش کا سبب جلن دار گندہ مادہ ہوتا ہے یا ورم، سوزش، سیلان رحم کی وجہ ہوتی ہے تو اس کیلئے یہ نسخہ استعمال کرنے سے بہت جلد افاقہ ہو جاتا ہے۔

**مرہم فرج کی خارش کیلئے:** بیٹنو ویٹ۔این مرہم (Betnovate-N Ointment) کی بڑی ٹیوب لیکر اسمیں کافور تین ماشہ باریک شدہ خوب رگڑیں اور شام کو شرمگاہ کے کناروں پر لگائیں۔ فرج کی خارش دور ہو جائیگی اور ٹھنڈک پیدا ہو جائیگی۔

**سفوفِ خونصافی:** عشبہ، چرائتہ، سعد کوفی، تخمِ گاجر (ہر ایک ایک تولہ) سب کو سفوف کر کے ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ عرقِ سونف استعمال کریں۔ خون صاف کر کے ہر قسم خارش ختم کرتی ہے۔

## ڈاکٹر سید تنویر حسین شاہ

**کپاس کھار:** امراض مستورات کیلئے ایک بالخاصہ اکسیر دواء ثابت ہوتی ہے۔ کمی حیض، بندش حیض، عسر الطمث ہسٹریا، سیلان الرحم بوجہ ورم الرحم، کیلئے شاندار دواء ہے۔امراض نسواں کیلئے اس سے بڑھ کر شاید ہی کوئی دواء ہو گی۔ یہ اکسیر دنیائے طب میں ایک نرالی دواء ہے۔ عورت کے بانجھ پن اور بے اولادی کیلئے نہایت اکسیر ثابت ہوتی ہے۔ غرضیکہ مستورات کیلئے ایک نایاب تحفہ ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس کی چند خوراکوں کے بعد عورت اولاد کے قابل ہو جاتی ہے۔زبردست معین حمل ہے۔ ہمارا خاندانی راز ہے۔

نسخہ: کپاس کھار ا تولہ، ریوند خطائی ا تولہ، رسونت ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، کشتہ فولاد ا تولہ۔ سب اجزاء کو ملا کر سفوف بنادیں۔ دو رتی صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

مندرجہ بالا سب امراض کیلئے تریاق ہے۔ اس کے علاوہ سن بھری، باؤ گولہ، توند یعنی پیٹ کا باہر نکل آنا، دائمی قبض، کمی خون کیلئے بہت بہترین دواء ہے۔ سمجھدار معالج اس دوائی سے بہت سے امراض میں تریاقی اثرات لے گا۔ تمام گروپ ممبران کی خدمت میں میری طرف سے تحفہ ہے۔ قبول فرمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

**عسر الطمث کیلئے لاجواب مجرب نسخہ:** اسگندھ ناگوری ۵ تولہ، پیپلا مول ۵ تولہ، چینی ۵ تولہ۔ سفوف بنا کر ایک ماشہ دن میں دو یا تین بار ہمراہ نیم گرم دودھ، ایام حیض سے ایک ہفتہ قبل شروع کرا دیں۔اس میں دو بہت اعلیٰ صفات ہیں:

۱ ۔اگر عورت پریگننٹ ہو چکی ہو تو اس کے استعمال سے حیض نہیں آئے گا۔

۲ ۔یہ دواء معین حمل بھی ہے۔اس کے استعمال سے رحم کی صفائی ہو جاتی ہے۔اور عورت جلد حاملہ ہو جاتی ہے۔

میں نے سرکار سے نسخہ میں چینی کی افادیت کا پوچھا تو فرمانے لگے چینی کے بغیر اسگندھ کی ڈسٹ نگلتے وقت اکثر سانس کی نالی میں جا کر کھانسی کا باعث بنتی ہے۔ چینی ہو تو پھر ایسا نہیں ہوتا۔ میں نے چینی کے بغیر بنا کر ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول میں دینا شروع کر دی اثرات میں کوئی فرق نہیں آتا۔ پھر بھی ٹھیک کام کرتی ہے۔

جب کپاس چُن کر اس کے پودے کاٹ کر منچھٹیاں جلانے کیلئے گھر لے جاتے ہیں۔ میں تو ان دنوں کپاس کھار بنا لیتا ہوں اور سارا سال استعمال کرتا رہتا ہوں۔ ہر قسم کا کھار بنانے کا طریقہ ایک ہی ہے۔ جس پودے کا کھار بنانا ہو اسے خشک کر کے کسی صاف ستھری جگہ جہاں دوسرے پودے گھاس وغیرہ نہ ہو جلا کر خاکستر بنالیں۔ یاد رکھیں کھار ہمیشہ سجی سے نکلتی ہے۔ کوئلہ سے کھار نہیں ملتی۔

وزن کے لحاظ سے جتنی سجی ہو اس میں آٹھ گنا پانی ڈال کر کسی برتن میں حل کر دیں اور وہ پانی بہتر گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ بارہ بارہ گھنٹے بعد پانی کو کسی ڈنڈے سے اچھی طرح حل کرتے رہیں۔ آخری دفعہ حل کرنے کی بجائے۔ کسی دوسرے برتن کے منہ پہ کپڑا باندھ کر آرام سے آہستگی اور احتیاط سے پانی نتھار لیں۔ نیچے بیٹھی ہوئی راکھ شامل نہ ہونے پائے۔ اب اس حاصل شدہ پانی کو سٹیل کے برتن میں چولہے پہ خشک کر لیں۔ پانی اڑ جائے گا اور بالکل سفید براق رنگ کے کھار کی تہہ جم جائے گی۔ اکھاڑ کر پیس کر محفوظ کر لیں۔ اگر تھوڑی بہت سجی والا پانی شامل ہو جائے تو کھار بلکل سفید نہیں ہوتی بلکہ سرمئی سی ہو جاتی ہے۔ لیکن کام ٹھیک کرتی ہے۔ اگر اسے بالکل سفید کرنا ہو تو کھار کو دوبارہ پانی میں حل کر کے مقطر کر لیں اور حسب معمول خشک کر لیں، بالکل سفید ہو جائے گی۔

**برائے لیکیوریا ہمارا خاندانی نسخہ:** مائین (کزمازج) 10 گرام، مازو بے سوراخ 10 گرام، موچرس 10 گرام، نسپال 10 گرام، الائچی سبز 10 گرام، گوند کیکر 10 گرام، پھول کیکر 10 گرام، گوند چنیان 10 گرام، دم الاخوین 10 گرام، پھٹکڑی سفید 20 گرام۔ الائیچی سبز کے بیج نکال لیں اور پھٹکڑی کو باریک پیس کر کسی برتن مین آگ پر بریان کر کے باقی اجزاء کے ساتھ ملا کر سفوف بنالیں۔ چار رتی روزانہ صبح شام ہمراہ دودھ پتی اور ناریل کی کھیر کھلایا کریں۔ نیا لیکیوریا تین دن میں اور پرانا سات دن ٹھیک ہو جاتا ہے۔ لیکن میں دو سے تین ہفتے کھلا دیتا ہوں۔ ۵۰۰ ملی گرام کے ایک دو کیپسول روزانہ دو تین بار دیں۔ مزاج: عضلاتی اعصابی، سرد خشک۔

**مقوی رحم و کمر مجرب المجرب:** بے خطا، تیر بہدف، کثیر الفوائد۔ کشتہ فولاد 10 گرام، لودھ پٹھانی 20 گرام، پھل مکھانہ 40 گرام، کاٹھیا سپاری 40 گرام، موچرس 40 گرام۔ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ بس تیار ہے۔ ۵۰۰ ملی گرام روزانہ دو تین بار دودھ پتی یا لونگ دار چینی کے قہوہ کے ساتھ کھلائیں۔ فاضل رطوبات سے رحم کو پاک و صاف کر کے حمل کے قابل بناتا ہے۔ اس کے استعمال سے سیلان الرحم ختم ہو کر طبعیت ہلکی پھلکی ہو جاتی ہے۔ جن خواتین کو بوجہ سیلان کمر درد رہتا ہو، ان کو بے حد مفید ہے۔ معین حمل ہے۔

**انفاس کیلئے:** وضع حمل کے بعد درج بالا نسخہ میں سے فولاد خارج کر کے یہ اجزا شامل کر لیں اور پنجیری بنا کر ایک چھٹانک روزانہ دودھ پتی سے کھلائیں۔ انفاس اچھی طرح خارج ہو گا اور کوئی تکلیف نہ ہو گی۔ ان شاءاللہ !

چھوہارے صاف 160 گرام، ناریل گری 160 گرام، مویز منقٰی 320 گرام، بھنے چنوں کی کھِلیں 320 گرام، گڑیا شکر 320 گرام، دیسی گھی 320 گرام۔ تمام اجزا کوٹ کر دواء میں ملادیں اور دیسی گھی گرم کر کے ڈالیں اور ہاتھوں سے مکس کر دیں۔ بس تیار ہے۔

**پٹھکنڈا یا چرچٹہ کھار:** تسہیلِ ولادت کیلئے دردِزہ کے وقت ایک رتی پٹھکنڈہ کھار عرق گلاب میں حل کر کے پلادیں۔ پانچ، دس منٹ میں بچہ صحیح و تندرست بلا تکلیف کے پیدا ہو گا۔ ان شاءاللہ ! یہ ایک معجز نما اکسیر ہے۔ اللہ کی شان ہے کہ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ ہمارا خاندانی راز ہے۔ (ڈاکٹر فرخ صاحب کے نام) علاوہ ازیں یہ کھار بواسیر، استسقاء، ناسور بھگندر، سوزاک، کثرت طمث، درد گردہ و سنگ گردہ، دانتوں کا درد، مسوڑھا پھول جانا کیلئے بھی اکیلا یا دیگر ادویہ کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

**برائے لیکوریا:** مجرب و معمول مطب ہمارا خاندانی نسخہ پیش خدمت ہے۔ گل ببول خشک 40 گرام، صمغ عربی 40 گرام، دم الاخوین 40 گرام، گوند چنیاں 40 گرام، الائچی سبز 30 گرام، پھٹکڑی سفید 100 گرام، کشتہ صدف مروارید 20 گرام۔ پہلے پھٹکڑی باریک پیس کر توے پر ڈالیں اور نیچے آگ جلائیں۔ جب پگھل جائے تو پہلے کمرکس اوپر ڈال دیں، پھر گوند کیکر باریک شدہ ڈال دیں۔ جب پھٹکڑی خوب بریاں ہو جائے تو اتار کر باقی تمام اجزاء کے ساتھ الائچی سبز کے دانے نکال کر شامل کریں اور نہایت باریک سفوف تیار کر لیں۔ بس تیار ہے۔ چار رتی تا ایک ماشہ حسب مرض و مریض روزانہ دو تین بار ہمراہ دودھ پتی شربت انجبار یا پانی وغیرہ۔ مزاج: عضلاتی اعصابی، سرد خشک۔ اپنی قبیل کی تمام ادویہ میں نہایت نفیس و لطیف دوائی ہے۔ نیا لیکوریا سات دن میں اور پرانا چودہ دن میں درست ہو جاتا ہے۔ اکیس دن کھلا سکتے ہیں۔ استحاضہ کیلئے شربت انجبار سے دیں۔

نوٹ: ڈیڑھ پاؤ دودھ میں ناریل کدو کش دو چمچ ملا کر گھوٹ کر یا بلائنڈ کر کے آگ پر رکھ کر پتلی کھیر بنا کر مریضہ کو صبح نہار منہ کھانے کو تجویز کریں۔ لیکوریا اور استحاضہ کی مریضہ کی تمام کمزوریاں دور ہو کر صحت بحال ہو جاتی ہے۔ کمر درد ناطاقتی پٹھوں کی گرانی خون میں کیلشیم کی کمی دل کا کمزور ہونا ٹھیک ہو جاتا ہے۔

## حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

**حیض کی جملہ خرابیوں کیلئے:** مشک بالا یعنی خس کی جڑیں کا باریک سفوف بنا کر 6 ماشہ سفوف ہمراہ گرم دودھ کے جسمیں 3 چمچ دیسی گھی اور تھوڑا گڑ ملا کر پلائیں صبح نہار پیٹ۔ 3 دن میں ساری شکایتیں دور ہو گی پر 5 دن استعمال کرے۔ حیض کا درد سے آنا۔ بے قائدگی۔ کم آنا۔ سیاہ رنگ کا آنا وغیرہ کیلئے ہمارا خاندانی نسخہ ہے جو برسوں سے چلے آرہا ہے میں کنزالمجربات کے تمام حکماء سے گزارش کرتا ہوں کہ اس نسخہ کو ایک بار ضرور آزمائیں۔ رحم کی جملہ نقائص کو دور کر قابل اولاد بنا دیتی ہے۔

## حکیم ناصر

**جریانِ خون ہر قسم:** دم الاخوائن، کہربا شمعی، ہم وزن، دو سے چار رتی سفوف ٹھنڈک کوئی ساجو آپ کے پاس تیار ہو م ایک ماشہ میں ملا کر دیں۔ کثرت طمث کیلئے صبح شام، نکسیر کیلئے مکھن میں صبح خالی معدہ دیں۔ ہر قسم کے جریان خون کیلئے اکسیر ہے۔

## حکیم محمد ندیم

**معین حمل اور لیکوریا کیلئے:** پھٹکڑی سفید ایک پاؤ سوڈا بائی کارب ایک پاؤ، پانی دو کلو۔ دونوں ادویات کو رات کو پانی میں ڈال کر رکھ دیں۔ صبح تک دوا میں خوب جوش آچکا ہو گا۔ صبح آگ پر رکھ کر خشک کر لیں۔ دوا کا وزن کر لیں۔اس کا چوتھائی حصہ کشتہ مرجان ملا کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح و شام پانی سے دیں۔ ان شاء اللہ 15 دن میں لیکوریا سے شفاء ہو گی۔ حمل ٹھہرانے کیلئے تاریخ سے فارغ ہو کر تین یوم تک صبح و شام استعمال کرائیں۔ اس کے بعد صحبت کرنے سے امید بر آئے گی۔

## حکیم آصف رضا

**برائے عسر طمث:** ریوند خطائی، زیرہ سفید، برابر وزن لے کر سفوف بنالیں۔ اگر تکلیف زیادہ ہے تو تین ماشہ ہمراہ شربت بزوری صبح دوپہر شام اور اگر تکلیف کم ہو تو تین ماشہ ہی صبح و شام دیں خالی پیٹ دیں۔ ان شاء اللہ عسر طمث کی تکلیف ٹھیک ہو جائے گی۔

**اکسیر لترین برائے کثرت طمث:** ہلدی کو ہلکا سا بھون لیں۔ چمڑا کوئی سا بھی لے کر جلالیں۔ دونوں چیزیں برابر وزن ہوں۔ اب اس کو سفوف بنالیں۔ تین ماشہ شربت انجبار کے ہمراہ دیں۔ صرف تین خوراکیں دینی پڑتی ہیں خون رک جاتا ہے۔

## حکیم و ڈاکٹر طاہر محمد شبیر

**برائے کثرت حیض:** پہلا نسخہ: زیرہ سفید اک چمچ صبح دوپہر شام کھلانے سے حیض رک جاتا ہے۔

دوسرا نسخہ: صدف لے کر اس سے آدھے وزن کی کافور لے کر پانی میں بھگو کر صدف پر لیپ کر دیں۔ چھ کلو کی آگ دیں۔ صدف پھول جائیگی۔ اک رتی خوراک سے نہر کی طرح چلتی حیض بند ہو جائیگی۔

## حکیم ضرار احمد

اجوائن دیسی کی دھونی رحم کی خارش میں باکمال اور جادو اثر ہے۔

## حکیم مسعود احمد اعوان

**رحم کی جملہ خرابیوں کیلئے:** شربت مستورین، خاتونی، اکسیر نسواں تینوں کو ملا کر ایک چمچ صبح شام نیم گرم دودھ ساتھ دیں۔

**کثرت حیض کیلئے:** گیرہ، سنگ جراحت ہم وزن پیس کر کپر چھان کر ٹھنڈے پانی میں شربت انجبار یا شربت انار ملا کر 3 ماشہ کی ایک خوراک دیں۔ پہلی خوراک سے آرام آجاتا ہے۔ ایسی 6، 5 خوراک دے دیں کافی ہے۔

## حکیم جمشید

**جگر پارہ:** نسخہ جو کئی حکماء کا مجرب ترین نسخہ ہے یہ ہے تو کتابی نسخہ مگر حکماء کا مجرب ترین نسخہ ہے کافی سارے حکماء اس پہ تصدیق کی مہر ثبت کر چکے ہیں۔ اس میں راز کی بات یہ ہے کہ کوئلہ پتھر کو لوہے سے بچا کر پیسنا پتھر کی دوری میں یا کسی اور چیز میں پیس لیں ورنہ یہ صحیح کام نہیں کرتا۔ (محترم حکیم واجد اللہ خان صاحب نے یہ راز منکشف کیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو خوش رکھے۔ آمین)

## حکیم عامر حسن باجوہ

**ورم رحم، معدہ کی کمزوری، درد ایام، بے قاعدگی ایام، دائمی قبض، درد ناف، پیٹ درد کیلئے:** سہاگہ بریاں 30 گرام، ہیرا ہینگ مشتمالی 30 گرام، ہیرا کسیس سبز ولائیتی 30 گرام، مصبر 30 گرام، پوست ریٹھہ 30 گرام۔ سفوف کر کے لعاب گھیکوار سے چنے برابر گولیاں بنائیں۔ معجون دبید الورد (قرشی، ہمدرد یا اشرف لیبارٹریز کی) عرق مکوہ عرق سونف عرق کاسنی عرق گلاب چاروں عرق لے کر مکس کریں۔ ایک گولی، اور ایک چمچ معجون، عرق مرکب کے آدھے گلاس میں آدھا گلاس نیم گرم پانی ڈال کر اس کے ساتھ صبح شام بعد غذا دیں۔ اس نسخہ اور طریقہ کار کے رزلٹس بہت عمدہ ہیں۔ خواتین مریض ایام سے 10 دن پہلے شروع کریں اور ایام شروع ہوتے چھوڑ دیں۔ 3 ماہ اس طریقہ سے کریں تو انشاءاللہ، اللہ کریم شفاء عطا فرمائیں گے۔

## ڈاکٹر جنید ہاشمی

**اندامِ نہانی کی خارش:** سرسوں کا تیل 1 کلو، تمباکو کے پتے 3 پاؤ یا آدھ کلو۔ تیل میں تمباکو کے پتے ڈال کر ہلکی آنچ پر پکا لیں۔ پتے خشک ہوں یا تازہ۔ اتنا پکائیں کہ جلے بھی نہ اور پتوں کا سارا عرق تیل میں شامل ہو جائے۔ بس تیار ہے۔ سر کی جوؤں کیلئے بہترین تیل ہے۔ خارش کیلئے بھی زبردست نتائج کا حامل ہے۔ اندامِ نہانی کی خارش میں انگلی کی مدد سے لگائیں۔ اور پرانے زخم کیلئے بھی زبردست ہے۔

## حکیم ہاشم علی قادری

**نسخہ مدر حیض:** مر مکی، ریوند خطائی، ابہل، میٹھا سوڈا، کشتہ فولاد (ہر ایک ۱۰ گرام)، مصبر سیاہ 5 گرام تمام ادویات کا سفوف بنا کر 500 ملی گرام کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح و شام پانی کے ساتھ ایام سے پندرہ یوم قبل دیں۔

**ہر قسم کے جریان خون کیلئے:** چاسکو مدبر، فلفل سیاہ، پھٹکڑی سفید سفوف بنا کر 1000 ملی گرام کے کیپسول صبح و شام پانی سے دیں۔

**چاسکو مدبر کرنے کی ترکیب:** ترپھلا آدھا کلو لے کر اس کو نیم کوب کر لیں۔ ڈیڑھ کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اچھی طرح مل چھان کر پانی حاصل کر لیں۔ اب چاسکو کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر اس پانی میں لٹکا دیں اور برتن کو چولہے پر رکھ کر ہلکی آگ جلا دیں۔ جب تمام پانی خشک ہو جائے تو چاسکو کو کپڑے سے نکال کر اخبار وغیرہ پر ڈال کر خشک کر لیں۔

## حکیم شفیق

**استحاضہ کیلئے:** کہرباشمعی 50 گرام، دم الاخوائین 10 گرام، سنگجراح 20 گرام، کمرکس 40 گرام، مازو 40 گرام۔ برابر وزن سفوف بنا کر چھلکا اسپغول 70 گرام شامل کریں۔ 7 گرام مقدار خوراک ہمراہ شربت انجبار دن میں 4 مرتبہ دیں۔

## حکیم امیر خان آفریدی

میرے زیر استعمال یہ دو نسخہ جات ہیں۔ آپ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

1۔ زیرہ سیاہ، سونف، کبریت مصفی ہر ایک برابر وزن۔ دو سے تین ماشہ دن میں دو سے تین بار حسب موقع و ضرورت دیں۔

2۔ کہرباشمعی، کتھ سفید، سنگجراح مدبر، گیرو، مصری۔ برابر وزن سفوف بنا کر تین سے پانچ گرام آب انجبار میں رب انار ڈال کر صبح و شام اور سہ پہر کو ثعلب مصری 3_5 گرام ہمراہ دودھ دیں۔

**کثرت حیض کیلئے:** ۱۔ ہلدی 15 تولہ، شیر مدار 1 تولہ۔ 125 ملیگرام کیپسول دن میں 3 دفعہ کھانے سے پہلے دیں۔

۲۔ ہلدی، ملٹھی اور سونف برابر وزن سفوف بنا کر آدھی چھوٹی چمچ دن میں 3 دفعہ کھانے کے بعد دیں۔

۳۔ بیروزہ خشک ایک پاؤ، پھٹکڑی سفید بریاں ایک تولہ سفوف بنا کر زیرو سائز کیپسول صبح و شام نہار منہ دودھ کے ساتھ دیں۔

اگر مریضہ سردی یا خشکی سردی کا شکار ہے تو پھر اس کا علاج یہ ہے: گندھک آملہ سار، رائی، اجوائین دیسی اور بابچی چاروں برابر وزن سفوف بنا کر دو عدد زیرو سائز کیپسول دن میں 3 بار کھانے کے بعد دیں۔

## حکیم غلام مصطفیٰ نظامی

**ورمِ رحم اور خارش کیلئے:** روزانہ رات کو اجوائن دیسی کی دھونی دیں۔ یہ سادہ مگر مؤثر اور مفید ہے۔

**خارش کیلئے مجرب ترین نسخہ:** گندھک آملہ سار، کالی زیری، گیرو، کوڑھندی۔ برابر وزن لے کر پیس لیں۔ ڈبل زیرو کے کیپسول تیار کر لیں۔ صبح دوپہر شام ایک ایک کیپسول ہمراہ دودھ استعمال کروائیں۔ تمام اقسام کی خارش اور الرجی کیلئے مفید ہے۔ جن لوگوں کو گوشت کھانے سے بعد الرجی ہو جاتی ہے، ان کیلئے بھی اکسیر ہے۔

## حکیم محمد وکیل انڈیا

**کثرت حیض:** لودھ 50 گرام، سنگ جراحت 100 گرام، کزمازج 25 گرام، گوند ڈھاک 50 گرام، شکر سفید 100 گرام۔ باریک سفوف بنا کر 33 گرام صبح دوپہر شام پانی سے دیں۔ یہ قرابادین مجیدی کا نسخہ ہے۔ جزاک اللہ! پرہیز لازم ہے۔

## حکیم نئیر

**گل سپاری:** تخم اسپند مقشر، بزرالبنج، تخم سریالہ، موچرس، کشتہ صدف، کشتہ بیخ مرجان، کشتہ گاؤدنتی، کشتہ بیضہ مرغ۔ تمام چیزیں ہموزن سفوف بنا کر ایک سے دو چٹکی یا چار رتی تا ایک ماشہ صبح و شام دیں۔ مقوی رحم، لیکوریا کیلئے بہترین و مجرب ہے۔ پانی آنا دنوں میں بند ہو گا۔

## حکیم محمد اسحاق

**کثرت حیض:** سہاگہ خام، ملٹھی، ریوند خطائی (ہر ایک 50 گرام)، شیر عشر 10 گرام۔ سب کا سفوف بنا کر شیر عشر ملا کر کھرل کر لیں۔ بیماری کے حساب سے 500 ملی گرام تا 1000 ملی گرام تک نیم گرم دودھ سے دیں۔ کثرت حیض اور عسرت طمث کیلئے زبردست ہے۔

## حکیم محمد اسحاق سندھ

**شربت خارش رحم و جلن رحم:** عناب، منڈی بوٹی، شاہترہ، چرائیتہ تلخ، تخم کاسنی، گلسرخ (سب ادویہ 20،20 گرام) ڈیڑھ کلو چینی کے قوام پر لے آئیں مقدار 2 چمچ یہ شربت اور دو چمچ شربت بزوری پانی کے گلاس میں حل کر کے پلائیں۔ صبح شام یہ نسخہ تیزابیت اور صفراوی خارش دونوں پر رزلٹ دیتا ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔ اندام نہانی کو روغن زیتون یا سرسوں آئل اور پانی برابر سے تر رکھیں۔ گندھک اور کافور کی مرہم بھی لگانے کو دے سکتے ہیں۔

## حکیم جمیل احمد پیر سباقی

**حابس لاجواب:** زاج ابیض بریاں دو تولہ، مازو سبز ایک تولہ، سنگجراحت ایک تولہ، گیرو دو تولہ، تخمِ سروالی تین تولہ، اقاقیا دو تولہ، انجبار پانچ تولہ، مصری چھ تولہ۔ سفوف بنا کر ایک سے دو ماشہ ہر بیس منٹ بعد دیں۔ جب خون کنٹرول ہو جائے تو پھر وقفہ بڑھائیں۔ یہ یاد رکھیں یہ دوا زیادہ دن نہیں کھلانا۔ صرف ایمر جنسی کی صورت میں استعمال کروائیں۔ بعد میں قانون کے مطابق مولد رطوبات و حرارت بڑھانے والے ادویات سے مستقل علاج کروائیں۔ یہ نسخہ میرے مطب کے خصوصی و مجرب نسخہ جات سے ہے۔ کم از کم سولہ سال سے استعمال کروا رہا ہوں۔ ہر قسم اخراج الدم، نکسیر، بواسیر، استحاضہ، نفاس اور چوٹ لگنے یا گولی لگنے کی وجہ سے خون روکنے کا نام نہ لے تو اس وقت یہ اکسیر کھانے اور لگانے کیلئے استعمال کروائیں تو معالج و مریض رزلٹ دیکھ کر محوِ حیرت ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں لیکوریا کو صرف دس دن میں مکمل ختم کرتی ہے۔ ایک ماہر معالج اجزائے نسخہ دیکھ کر اندازہ لگا سکتا ہے کہ واقعی اکسیر ہے۔ خونی اسہال، خونی پیچش کیلئے اس کے ہوتے ہوئے کسی اور دوا کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

## حکیم طارق حسین چوہدری

**سر کی جوئیں:** سر کی جوؤں کیلئے بیحد موثر اور سستا نسخہ ہے، جس کو ایک ہی دفعہ لگانے سے تمام جوئیں مر جاتی ہیں۔ اپنے محلے کی کریانے کی دوکان سے بالکل سستا سا ہئیر کلر لے کر اس میں ساتھ ہی ہائیڈروجن پر آکسائیڈ بھی ہوتی ہے، وہ مکس کر کے پیسٹ بنا کر بالوں کی جڑوں میں لگا لیں، کیونکہ جوئیں بالوں کی جڑوں میں جلد کے ساتھ ہوتی ہیں۔ اب اس کو آدھا گھنٹہ لگا رہنے دیں۔ پھر شیمپو سے بال دھو لیں۔ تمام جوئیں مر جائیں گی۔ اگر کسی کو ہئیر کلر سے الرجی ہو تو وہ بالوں میں سرخ مہندی لگائیں، چار پانچ روز مسلسل لگائیں۔ روزانہ ایک مرتبہ، جب سوکھ جائے تو شیمپو سے بال دھو لیا کریں۔ ان شاءاللہ اس سے بھی تمام جوئیں مر جاتی ہیں۔

**ہر قسم کی خارش کیلئے:** گندھک آملہ سار سو گرام، قلمی شورہ اصلی سو گرام، کالی مرچ تیس گرام۔ سب کو باریک پیس کر الگ الگ پیس کر مکس کر لیں۔ دواء تیار ہے۔ آدھا چھوٹا چمچ، تقریباً تین گرام، صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کروائیں۔ پرہیز: گوشت ہر قسم، انڈہ، چاول، دودھ، کیلا، اور فاسٹ فوڈ۔ یہ نسخہ بارہا کا آزمودہ ہے۔ یہ ہر قسم کی خارش کیلئے بیحد مؤثر ثابت ہوا ہے۔ خشک خارش ہو یا تر خارش، تمام جسم پر خارش ہوتی ہو یا صرف اعضائے تناسل کی خارش ہو، عورتوں کو رحم کی خارش ہو یا ویجائنہ میں خارش ہوتی ہو، ان شاءاللہ، سب کیلئے انتہائی مفید ہے۔

**عورتوں کی شرم گاہ اور رحم کی اندرونی خارش:** گندھک آملہ سار مصفی پانچ تولہ، زیری سیاہ پانچ تولہ، گیرو پانچ تولہ۔ تمام کا سفوف بنا لیں۔ دو ماشہ صبح کو دہی کے ساتھ اور شام کو پانی کے ساتھ دیں۔

## حکیم آزاد بھٹو

**جوؤں کا خاتمہ**: پارہ 1 تولہ، تیل سرسوں 50 گرام۔ دونوں اجزاء کو اچھی طرح انگلی سے ہلا کر مکس کر لیں۔ سیاہی مائل تیار ہوگا۔ بالوں کی جڑوں میں لگائیں۔ جوؤں کا خاتمہ کرتا ہے۔

**سیٹ خارش**: نمبر 1: شاہترہ 4 گرام، چرائتہ 4 گرام، سرپھوکا 4 گرام، گل منڈی 4 گرام، عناب 4 گرام۔ سب چیزیں رات کو 1 پاؤ پانی میں بھگو کر رکھیں اور صبح نہار منہ اسکا قہوہ بنا کر حسب ضرورت چینی شامل کر کے مریض کو استعمال کروائیں۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو یہ قہوہ دن میں 2 بار استعمال کروایا جا سکتا ہے۔

نمبر 2: اطریفل شاہترہ 5 تا 7 گرام صبح و شام بعد از غذاء دیں۔

نمبر 3: لگانے کیلئے تیل: ست پودینہ 2 تولہ، ست اجوائن 2 تولہ، ست الائچی 2 تولہ، کافور 2 تولہ، سرسوں کا تیل 3 پاؤ تا 1 کلو۔ جس طرح سے امرت دھارہ بنتا ہے ایسے ہی سرسوں کے تیل میں ان ادویات کو شامل کر کے خارش کے لیے تیل بنالیں۔ خارش کیلئے بہترین تیل ہے اور ہلکی سی خارش میں صرف تیل لگانا ہی کافی ہے۔

## حکیم رمضان انجم

**امراضِ رحم کیلئے**: ہلدی ۱۰ گرام، ریوند خطائی ۱۰ گرام، روغن زیتون یا دیسی گھی 50 گرام۔ ہلدی اور ریوند کو پیس کر گھی میں ملا دیں۔ اس کو استقرار حمل، رحم کی خارش، ورم رحم، رحم کا سخت ہو جانا، درد رحم، کثرت حیض کی صورت میں اندرونی طور پر استعمال کرائیں۔

**رحم کی خارش کیلئے**: کوڑ، کالی زیری، برہمی بوٹی، دھماسہ بوٹی، باپچی ہم وزن لے لیں۔ 2/1 گرام صبح، شام استعمال کروائیں۔

**رحم کے امراض کیلئے گندھک مدبر کا طریقہ**: گندھک آملہ سار 70 گرام، دیسی گھی 100 گرام۔ نرم آگ پر پکائیں۔ جب گندھک پگھل جائے اور گھی کی جھاگ ختم ہو جائے تو اتار لیں۔ گھی رحم میں لگانے اور گندھک کھلانے کیلئے استعمال کروائیں۔

**رحم کی خارش کیلئے**: 6 تریاق شیر مدار والا روغن زیتون میں ملا کر رحم میں رکھوائیں۔ رحم کی خارش کے لیئے بہترین ہے۔

**دافع تیزابیت رحم**: برگ نیم، جل نیم، پھول نیلوفر، شاہترہ، بکن بوٹی، سرپھوکا، برگ سرس تازہ، برادہ شیشم، گلو، منڈی، ناقص، گل سرخ، برگ مہندی، سنا، تخم کاسنی، کشنیز خشک، چرائتہ، کرائتہ، عناب، افتیمو (ہر ایک 30 گرام)، رسونت اور صندل سرخ و سفید ہر ایک 10 گرام۔ ڈیڑھ کلو چینی میں شربت بنالیں۔ 2 چمچ صبح شام دیں۔ عورتوں کے اٹھرا، خارش و رحم تیزابیت کیلئے مفید ہے۔

## حکیم عبدالرحمان

**سر کی جوؤں کیلئے**: تارامیرا کے تیل کی مالش کرنے سے ایک سے دو بار میں ہی ختم ہو جائیں گی۔ آنکھوں میں نہ جائے۔

## حکیم حافظ علی احمد

**برائے خارش رحم**: سفید گلیسرین 100 گرام، سیاہ گلیسرین 100 گرام (میڈیکل سٹور سے ملے گی)، گودہ املتاس پانی کی مدد سے نکالنا ہے۔ یہ رب 100 گرام۔ ان تینوں چیزوں کو مکس کر کے پانی کو ہلکا جوش دے کر جلالیں (بالکل سیاہ نہیں کرنا) اتنا جلائیں کہ یہ دوا خراب نہ ہو۔ اب دواء کو محفوظ کر لیں۔ ان شاءاللہ سو فیصد گرانٹڈ بات ہے کہ رحم کی خارش ختم ہو گی۔ لیکن حاملہ عورتوں کو یہ نہ دیں۔ حاملہ کیلئے 5 سی سی والی سرنج میں 1 سی سی بھر کر رحم میں رکھ کر پچکاری کریں۔ خارش رحم دور ہو گی۔

**اندام نہانی کی خارش کیلئے**: مکھن 100 گرام کو اچھا سا کھرل کریں اور 10 گرام کافور ڈال کر کھرل کر کے محفوظ کریں۔ روئی یا انگلی کے ساتھ لگائیں۔ خارش ایسے ختم ہو گی جیسے دھوپ کے آگے شبنم کھانے کیلئے ایچ 67 اور شربت بزوری ساتھ دیتا ہوں۔

## حکیم امیر خان آفریدی

**رحم کی خارش کیلئے**: روغن کنجد ایک پاؤ، کالی زیری 30 گرام، گندھک آملہ سار 20 گرام۔ روغن کنجد کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر رکھیں اور آگ جلادیں۔ ساتھ اس میں کالی زیری بھی ڈال دیں۔ کالی زیری کو روغن کنجد میں جلادیں۔ ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں اور دوبارہ گرم کر کے گندھک آملہ سار حل کر دیں۔ جب گندھک حل ہو جائے تو کالا سا اکسیری لوشن تیار ہو جائے گا۔ کسی صاف بوتل میں محفوظ کر لیں۔ رات کو بطور شافہ استعمال کریں۔ صرف 3 دن اور زیادہ سے زیادہ 7 دن۔ خارش رحم کی مریضوں سے اکثر واسطہ پڑتا ہے لیکن جب شوگر والی مریضہ کو رحم کی خارش ہو جاتی ہے تو بڑے بڑے نسخے فیل ہوتے دیکھے ہیں۔ لیکن یہ شافہ بفضلِ ربی ایک ہی دفعہ اپنا جادو دیکھائے گا۔ اس ساتھ میں نے کبھی بھی کوئی خوراکی نسخہ نہیں دیا نہ کبھی ضرورت محسوس کی۔

## حکیم مسعود اعوان

**سر کی جوؤں کا خاتمہ**: بارہا کا تجربہ شدہ مجرب المجرب اور انتہائی آسان نسخہ ہے۔ کوپیکس پوڈر کیڑے مارنے والی دوا عام کریانے والی دوکان سے مل جاتی ہے، لے لیں اور ایک کلو سرسوں کے تیل میں ملالیں۔ بس تیار ہے۔ مریض کو اک بار لگانے جتنا کسی شیشی میں ڈال کے دے دیں۔ سر میں لگا کر 15 منٹ بعد سر دھولیں۔ ایک ہی بار لگانے سے جوئیں ختم ہو جائیں گی۔ دوسرا فائدہ جانوروں کو جو چیچڑ پڑے ہوتے ہیں ان کو بھی لگانے کو دیں۔ اک ہی بار لگانے سے ختم ہوں گے۔

## حکیم زاہد مشتاق

**سر کی جوئیں**: نیم کے پتے سو گرام اور دو لٹر پانی میں ابال لیں۔ اس سے سر دھولیں۔ ایک ہفتہ میں ہی اس سے نجات مل جائے گی۔

## حکیم غفار قادری

**مرہم دافع خارش:** سلفر پوڈر، بورک ایسڈ (سہاگہ بریاں)، مشک کافور، زنک آکسائیڈ، ست پودینہ، پنسلین انجیکشن ۱۰ لاکھ، پیٹرولیم جیلی (ویزلین)۔ تمام اجزاء ۲۰-۲۰ گرام ست پودینہ ۱۰ گرام لیکر تمام ادویہ کھرل میں پیس کر یکجان کر لیں۔ ویزلین پگھلا کے نیچے اتار کے ادویہ ڈالیں اور ہلاتے جائیں حتیٰ کہ ویزلین جم جائے۔ بس تیار ہے۔ ہر قسم کی خارش پر لگوائیں۔

**سفوف چندری:** پہلی دفعہ ماں بننے والی زچہ کا پہلا دودھ کافی گاڑھا ہوتا ہے جبکہ سر پستان کے مسام کافی تنگ ہوتے ہیں۔ اسلئے دودھ خارج نہیں ہو پاتا۔ بچہ بہت کوشش کرتا ہے مگر دودھ نہیں آتا۔ اس وجہ سے عورت کو پستانوں میں نپل کے ارد گرد سوجن سرخی اور شدید درد ہونے لگتا ہے۔ سوزش کی وجہ سے بخار بھی ہو جاتا ہے۔ اسے عام زبان میں چندری کہتے ہیں۔ اس بیماری کا ایک مجرب المجرب فوری اثر اور کم خرچ بالا نشیں نسخہ حاضر ہے۔ ایک دو خوراکیں ہی کام دکھا جاتی ہیں۔ خارش مبہل کی مریضہ کو بھی کسی مرہم کے ساتھ دیں تو فوری اثر ہے۔ مرہم جالی بھی ازبس مفید ہے۔ سونف اجوائن کچور نمک سیاہ ہموزن کا سفوف ایک دوماشہ آب سرد سے روزانہ تین بار دیں۔

**تریاق ورمِ رحم:** سونف ا تولہ، ہلدی ا تولہ، ملٹھی ا تولہ، ریوند خطائی ۳ تولہ۔ سفوف بنا کر ڈیڑھ دوماشہ روزانہ تین بار پانی سے کھلائیں۔ ورم رحم انبساط الرحم یا انقلاب الرحم جس میں رحم ڈھیلا ہو کر نیچے لٹک آتا ہے۔ اور مریضہ مبہل میں گیند نما کوئی چیز پھنسی ہوئی محسوس کرتی ہے۔ ورم رحم اور اس کی رطوبات والے لیکوریا سے ہونے والی جلن اور خارش کی خاص الخاص دوائی ہے۔ اندرونی بیرونی استعمال ہوتی ہے۔ بہت کامل و مکمل نسخہ ہے۔ میرا معمول مطب ہے اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ اندرونی طور پر گرم دیسی گھی میں ملا کر بطور شافہ رکھوائیں۔ اس کی چند خوراکوں سے معجز نما اثر ظاہر ہوا کرتا ہے۔ یہ نسخہ مجدد طب، زبدۃ الحکماء حضرت صابر ملتانی مرحوم کا ہے اللہ تعالیٰ جنت الفردوس میں ان کے درجات میں بے شمار اضافے فرمائے۔ آمین۔

مرہم دافع خارش: سلفر پوڈر، بورک ایسڈ (سہاگہ بریاں)، مشک کافور، زنک آکسائیڈ، ست پودینہ، پیٹرولیم جیل (ویزلین)۔ تمام اجزاء ۲۰-۲۰ گرام ست پودینہ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ کھرل میں پیس کر یکجان کر لیں۔ ویزلین پگھلا کے نیچے اتار کے ادویہ ڈالیں اور ہلاتے جائیں حتیٰ کہ ویزلین جم جائے۔ بس تیار ہے۔ ہر قسم کی خارش پر لگوائیں۔

**جوؤں کا علاج:** کمیلہ دہی یا سرسوں کے تیل میں ملا کر بالوں میں لگا کر آدھ گھنٹہ بعد دھو لیں۔ دو تین بار میں ہی جوئیں ختم ہو جائیں گی۔

## ڈاکٹر سید رضوان شاہ

**سر کی جوؤں کیلئے:** عام بازاری سفید سرکہ رات کو بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح لگا دیں اور صبح نیم گرم پانی سے سر دھو لیں۔ ساری جوئیں اور لیکھیں بھی نکل جاتی ہیں۔ مجرب ہے۔

## حکیم رضوان شیخ

**مہبل کی خارش:** سلفر200، بیلاڈونا200،دن میں 3 مرتبہ اور علامات میں کمی آنے پر فریکوئنسی کم کردیں۔ سوراخ فرج سے رحم تک کی نالی مہبل کہلاتی ہے۔ بوجہ عدم صفائی بھی یہ مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ آغاز ہلکی ہلکی گدگدی بار بار خارش سے ورم تک کی صورت اختیار ہو جاتی ہے۔ عسر طمث میں بھی یہ کیفیت ہوتی ہے مگر عموماً کثرت صفرا تیزابیت حیض کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ درج بالا کثرت کی وجہ سے قاذفین سوزش ناک نہ بھی ہوں مگر مہبل پر حکاک اثرات رکھتی ہیں۔

**مہبل کی خارش:** سفوف ریٹھہ 100 گرام، پھٹکری 1 گرام۔ پانی ابالنے کے بعد ٹھنڈا کریں اور دن میں 2-3 بار مگر رات سوتے ہوئے لازمی آبدست کروائیں۔ گھٹیا کیمیکل والے بالصفاء پاؤڈر اور کریموں کی بجائے بے ضرر ہیئر ریموونگ لوشن کا مشورہ دیں اور صفائی ضروری ہے ورنہ مرض بار بار لوٹ آتا ہے اور دائمی شفا کی تدبیر نہیں بنتی۔ غذا میں بالضد کے تحت بار داغذیہ دیں۔

نوٹ: اگر سر میں سوریاسیز/زخم/ایگزیما یا دیگر عضلاتی سوزش ہو تو مضر ہو گا۔

## حکیم محمد مزمل صدیقی

**خارش کیلئے:** خارش دو طرح کی ہوتی ہے اور دونوں ہی صورتوں میں تکلیف دہ ہوتی ہے۔ پھٹکری جلا کر راکھ بنا کر اسمیں ایک انڈہ کی سفیدی ملا کر مساج کرنے سے ہر قسم کی خارش میں آرام آجاتا ہے۔ مگر یہ کبھی رحم کیلئے استعمال نہیں کی۔

**جوؤں کا مسئلہ:** پھٹکری کو پانی میں حل کر کے سر دھو لینے سے ساری جوؤں اور لیکھوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات جوئیں اور لیکھیں مرنے کے بعد بھی سر میں بالوں کے ساتھ چپکی رہتی ہیں تو سر کو کسی اچھے سے شیمپو کے ساتھ دھو لیا جائے اور تقریباً 15 منٹ تک شیمپو لگا رہنے دیا جائے۔ گندہ کنگھا Comb استعمال نہ کریں، بلکہ ہفتہ میں ایک بار لازمی اپنا کنگھا کسی کیڑے مکوڑے مار دوا میں دھو لینا چاہئے کیونکہ وہی کنگھا جب دوبارہ بالوں میں استعمال کیا جاتا ہے تو جوؤں کے انڈے جو کنگھا میں اٹکے ہوتے ہیں دوباہ سر میں منتقل ہو جاتے ہیں۔

خارش رحم: بکری کے ہڈی کے گودے اور موم کو ملا کر اس میں زعفران پیس کر ملا لیں اور رحم میں لگائیں تو خارش ختم ہو جاتی ہے۔ یہ نسخہ رحم میں ہو جانے والے زخموں کیلئے اکسیر ہے۔ 2 سے 3 دن میں زخم اور اسکی خارش ٹھیک ہو جاتی ہے۔

## حکیم نامعلوم

**سر کی جوؤں کیلئے:** مغز نیم کا باریک پوڈر بنالیں۔ 500 ملی گرام صبح شام 3 ہفتے کھلائیں۔ انشاءاللہ جوؤں کا خاتمہ ہو گا۔ مجھے یہ نسخہ یوں ملا کہ ایک مریضہ کو بواسیری موہکہ تھا اور پھوڑے کی صورت بن گئی، جس سے پیپ اور خون آتا تھا۔ اسکو مغز نیم کا پوڈر 3 ہفتے کھلایا جس سے اسکا پھوڑا ٹھیک ہوا اور ساتھ سر کی خشکی بھی ختم ہوئی اور مریضہ نے بتایا کہ میرے سر میں خارش اور جوئیں تھیں جن سے پوری طرح شفا مل گئی۔ اس کے بعد بادی بواسیر، ہر قسم پھوڑوں، جلدی مسائل، خشکی اور جوؤں کیلئے واحد مغز نیم استعمال کرتا ہوں، ناکامی نہیں ہوتی۔

## حکیم محمد شفیق صاحب

**سیلان الرحم کا نسخہ:** بعض عورتوں میں خارش کی وجہ سیلان الرحم ہوتی ہے اور اس میں بدبو بھی آتی ہے۔ ایسی صورت میں علاج کرتے ہوئے لیکوریہ کو بھی مدِ نظر رکھیں۔ زیرہ سفید ۱۰۰ گرام، قلمی شورہ ۱۰۰ گرام، ریوند چینی ۱۰۰ گرام، جو کھار ۱۰۰ گرام، چینی ۲۰۰ گرام۔ سفوف بنا کر ایک سے دو گرام شربت بزوری کیساتھ دیں۔ جب خارش والا مواد آنا بند ہو جائے تو پھر لیکوریا کا علاج کریں۔

## حکیم محمد شفیق

**برائے خارش رحم:** مکھن 101 مرتبہ دھلا ہوا 200 گرام، کافور 9 گرام۔ ملا کر استعمال سے پہلے نیم کے پتوں کے جوشاندے سے اچھی طرح دھو لیں۔ ٹشو پیپر سے خشک کر کے مکھن لگائیں۔

## حکیم شاہد محمود جہانیاں منڈی

**نسخہ برائے جریان، احتلام:** ملٹھی، مصری برابر وزن سفوف بنا کر 1 تا $1\frac{1}{2}$ ماشہ ہمراہ دودھ یا پانی دیں۔ جریان، احتلام، سرعت، جگر کی گرمی میں مفید ہے۔

## حکیم پروفیسر دوست محمد

**خارش رحم:** مریضہ کا شوگر ضرور چیک کرائیں۔ آج کل اکثر عورتوں میں شوگر کی ابتداء خارش رحم سے ہوتی ہے۔ دوم شادی شدہ عورت مجامعت کے بعد خارش رحم کی شکائت کرے تو علاج دونوں میاں بیوی کا ہو گا۔ نیم کے پانی سے طہارت کرنے سے بھی خارش رحم ختم ہو جاتی ہے۔ اگر شوگر بھی ہو تو اس کا بھی علاج کیا جائے!

## حکیم میاں عتیق

**سر میں جوؤں کیلئے:** روغن نیم، روغن کلونجی، 30،30 ملی لیٹر اور روغن تارامیرا 120 ملی لیٹر مکس کر کے استعمال کریں۔

## حکیم سلطان الفت محمود

**نسخہ برائے لیکوریہ:** کشتہ بیضہ مرغ 10 گرام، مغز تمر ہندی 50 گرام۔ اچھی طرح مکس کر کے روزانہ 500 mg صبح و شام نہار منہ دیں۔
**نسخہ برائے کثرت حیض:** چمڑا، جس کی جوتی بنتی ہے، یا جوتی کا تلوہ لیکر جلا کر سفوف بنا لیں۔ صبح و شام 500 mg دیں۔

## حکیم نامعلوم

**سیلان الرحم، اعضاء کی نرمی، ڈھیلے پن، رحم کی تقویت کیلئے:** طباشیر 3 تولہ، پھٹکری سفید بریاں 2 تولہ، مصری 10 تولہ، چھوٹی الائچی کے دانے 2 تولہ، سپاری پاک ایک ڈبی (قرشی یا ہمدرد کی)۔ سب اشیاء کو باریک کر لیں۔ صبح و شام ایک چمچ، دودھ یا پانی کیساتھ دیں۔

## حکیم عبدالرحمان بٹ

**نسخہ برائے کثرت حیض:** چھڑے کو اچھی طرح جلا کر اس کی راکھ تیار کر لیں۔ کثرت حیض کے لیے بہترین کام کرتی ہے۔
بو پھلی کا خیساندہ بھی کثرت حیض پر بہترین کام کرتا ہے۔

## حکیم ذیشان الحق

**نسخہ برائے کثرت حیض:** نسپال مائی پت پاپڑا تینوں ہم وزن لے لیں۔ اچھی طرح سفوف بنا لیں۔ تین ماشہ خوراک صبح دوپہر شام۔ ہر خوراک میں ایک رتی کشتہ فولاد ھیرا کسیس والا ملا کر استعمال کریں۔ پانچ سے سات دن ہی کافی ہے۔

## حکیم فریاد قاسمی

**نسخہ برائے کثرت حیض:** گیرو، سنگجراح، دم الاخوین، تینوں ہموزن لیں۔ سفوف بنا کر تین ماشہ ہمراہ شربت انجبار، صبح و شام دیں۔

## حکیم قیصر محمود

**کثرت حیض کیلئے:** گیرو، سنگجراح، گل ارمنی۔ ہموزن سفوف بنا کر پانچ ماشہ صبح و شام دیں۔

**۔۔۔۔ختم شدہ۔۔۔۔**